OPINION POLL


FESTIVALS AND EVENTS

19th September, 2024

# AROUND 3 OUT OF 4 (76%) PAKISTANIS SUPPORT THE ONE-DISH MEAL POLICY AT WEDDING CEREMONIES; RURAL RESIDENTS AND THOSE AGED 50+ YRS MOST LIKELY TO SUPPORT THIS POLICY: GALLUP & GILANI PAKISTAN

تقریباً ہر 4 میں سے 3 (76%) پاکستانی شادی کی تقریبات میں وَن ڈش کھانا دینے والے قانون کی حمایت کرتے ہیں۔ اس قانون کی حمایت کرنے والوں کی شرح دیہی علاقوں میں رہنے والے افراد اور 50 سال سے زائد عمر کے افراد میں سب سے زیادہ پائی گئی۔

Question: Please state whether you support or oppose the law of providing one-dish meal at marriage ceremonies.




GALLUP PAKISTAN
Affiliated with Gallup International
Pakistan's Foremost Social Research Lab

Source: Gallup & Gilani Pakistan (www.gallup-international.com; www.gallup.com.pk, www.gilanifoundation.com)
Field Dates: 28th June - 10th July 2024

/GallupPak

(Also emailed*/faxed separately)

GALLUP PAKISTAN
Affiliated with Gallup International
Pakistan's Foremost Social Research Lab

# پریس ریلیز

رائے عامہ سروے

## تہوار اور تقریبات

شادیاں

شادی اور سماجی رویے پر پریس ریلیز کی سیریز کا 20 حصہ

## تقریباً ہر 4 میں سے 3 (76%) پاکستانی شادی کی تقریبات میں وَن ڈش کھانا دینے والے قانون کی حمایت کرتے ہیں۔ اس قانون کی حمایت کرنے والوں کی شرح دیہی علاقوں میں رہنے والے افراد اور 50 سال سے زائد عمر کے افراد میں سب سے زیادہ پائی گئی۔

**(گیلپ & گیلانی پاکستان)،**


(اسلام آباد)، 19 ستمبر، 2024

گیلپ & گیلانی پاکستان کے ایک حالیہ سروے کے مطابق، تقریباً ہر 4 میں سے 3 (76%) پاکستانی شادی کی تقریبات میں وَن ڈش کھانا دینے والے قانون کی حمایت کرتے ہیں۔ سروے کے نتائج سے یہ سامنے آتا ہے کہ وَن ڈش کھانا دینے والے قانون کی حمایت کرنے والوں کی شرح شہری علاقوں میں رہنے والے افراد کی نسبت دیہی علاقوں میں رہنے والے افراد میں 5% زیادہ پائی گئی۔ '30 سال سے کم' عمر کے افراد اور '30 سے 50 سال' کی عمر کے افراد کے مقابلے میں '50 سال سے زائد' عمر کے افراد میں اس قانون کی حمایت کرنے کی شرح 11% زیادہ پائی گئی۔

یہ پریس ریلیز گیلپ پاکستان کی جانب سے شادی اور سماجی رویے کے موضوع پر جاری ہونے والی پریس ریلیز کی سیریز کا حصہ ہے۔ اس پریس ریلیز کی سیریز کی پچھلی رپورٹ تک رسائی حاصل کرنے کیلئے برائے مہربانی یہاں کلک کریں۔


سروے میں ملک بھر سے شماریاتی طور پر منتخب خواتین و حضرات سے یہ سوال پوچھا گیا تھا کہ **"برائے مہربانی بتائیں کہ کیا آپ شادی کی تقریب میں وَن ڈش کھانا دینے والے قانون کی حمایت کرتے ہیں یا مخالفت؟"**۔ اس سوال کے جواب میں 76% جوابدہندگان کے مطابق وہ شادی کی تقریب میں وَن ڈش کھانا دینے والے قانون کی حمایت کرتے ہیں، جبکہ 18% جوابدہندگان کے مطابق وہ شادی کی تقریب میں وَن ڈش کھانا دینے والے قانون کی مخالفت کرتے ہیں، تاہم 6% جوابدہندگان نے اس حوالے سے کسی رائے کا اظہار نہیں کیا۔

**"برائے مہربانی بتائیں کہ کیا آپ شادی کی تقریب میں وَن ڈش کھانا دینے والے قانون کی حمایت کرتے ہیں یا مخالفت؟"**





*Source: Gallup & Gilani Pakistan*
*(www.gallup-international.com; www.gallup.com.pk, www.gilanifoundation.com)*

**دیہی ۔شہری علاقوں کے اعتبار سے:** شادی کی تقریبات میں وَن ڈش کھانا دینے والے قانون کی حمایت کرنے والوں کی شرح شہری علاقوں میں رہنے والے افراد (73%) کی نسبت دیہی علاقوں میں رہنے والے افراد (78%) میں زیادہ پائی گئی۔




*Source: Gallup & Gilani Pakistan*
*(www.gallup-international.com; www.gallup.com.pk, www.gilanifoundation.com)*

**عمر کے اعتبار سے:** وَن ڈش کھانا دینے والے قانون کی حمایت کرنے والوں کی سب سے زیادہ شرح '50 سال سے زائد' عمر کے افراد میں (86%) دیکھنے میں آئی۔اس کے بعد اس حوالے سے زیادہ شرح '30 سال سے کم عمر' کے گروپ کے افراد اور '30 سے 50 سال' کی عمر کے گروپ کے افراد میں پائی گئی (دونوں میں 75%)۔




*Source: Gallup & Gilani Pakistan*
*(www.gallup-international.com; www.gallup.com.pk, www.gilanifoundation.com)*

گیلانی ریسرچ فاؤنڈیشن کا حالیہ سروے گیلپ انٹر نیشنل سے منسلک گیلپ اور گیلانی پاکستان کی مدد سے کیا گیا۔ یہ سروے پاکستان کے چاروں صوبوں کی دیہی و شہری آبادی کی 755 خواتین اور مرد حضرات سے 28 جون تا 10 جولائی 2024 میں کیا گیا ہے۔ غلطی کے امکان کا تخمینا شماریاتی طور پر 95% اعتماد کے ساتھ تقریباً ±2-3% لگایا گیا ہے۔اس سروے میں ڈیٹا اکٹھا کرنے کا طریقہ فون انٹرویو تھا۔

# شادی اور سماجی رویے پر 2024 میں جاری ہونے والی پریس ریلیز کی سیریز

2024 میں پاکستان میں شادیوں اوراس پر سماجی رویے پر گیلپ پاکستان کی جانب سے جاری کی جانے والی پریس ریلیز کی سیریز تک رسائی حاصل کرنے کیلئے آپ مندرجہ ذیل لنک پر کلک کر سکتے ہیں۔

پریس ریلیز 1: ازواجی حیثیت – https://gallup.com.pk/post/37262

پریس ریلیز 2: والدین کی پسند کی شادی (Arranged Marriage) یا اپنی پسند کی شادی (Love Marriage) – https://gallup.com.pk/post/37276

پریس ریلیز 3: شادی کا عرصہ / سال – https://gallup.com.pk/post/37288

پریس ریلیز 4: شادی کے حوالے سے رشتوں کی تلاش – https://gallup.com.pk/post/37293

پریس ریلیز 5: اخبارات یا دیگر ذرائع سے شادی/ضرورتِ رشتہ کے حوالے سے اشتہارات – https://gallup.com.pk/post/37297

پریس ریلیز 6: شادی کیلئے اپنے شریک حیات کی تلاش میں مدد کے حوالے سے موجود آن لائن ویب سائٹس/ایپ – https://gallup.com.pk/post/37303

پریس ریلیز 7: فرقہ وارانہ رکاوٹیں : فرقے/مسلک کے لحاظ سے – https://gallup.com.pk/post/37311

پریس ریلیز 8: فرقہ وارانہ رکاوٹیں : ذات/برادری کے لحاظ سے – https://gallup.com.pk/post/37315

پریس ریلیز 9: فرقہ وارانہ رکاوٹیں : قومیت کے لحاظ سے – https://gallup.com.pk/post/37322

پریس ریلیز 10: فرقہ وارانہ رکاوٹیں : مذہب کے لحاظ سے – https://gallup.com.pk/post/37328

پریس ریلیز 11: فرقہ وارانہ رکاوٹیں : مختلف سیاسی جماعتوں کی حمایت کرنے والوں کے لحاظ سے – https://gallup.com.pk/post/37334

پریس ریلیز 12: فرقہ وارانہ رکاوٹیں : پیسوں یعنی امیر/غریب کے لحاظ سے – https://gallup.com.pk/post/37349

پریس ریلیز 13: جوائنٹ فیملی – https://gallup.com.pk/post/37355

پریس ریلیز 14: شادی کے بعد نیوکلر فیملی یا جوائنٹ فیملی میں رہنے کا انتخاب کرنے کے حوالے سے – https://gallup.com.pk/post/37359

پریس ریلیز 15: عمومی طور پر ساس بہو کے رشتے کی صورتحال – https://gallup.com.pk/post/37362

پریس ریلیز 16: ذاتی طور پر ساس بہو کے رشتے کی صورتحال – https://gallup.com.pk/post/37374

پریس ریلیز 17: دوستوں کا اُن کی اپنی ساس سے تعلقات – https://gallup.com.pk/post/37382

پریس ریلیز 18: جہیز – https://gallup.com.pk/post/37388

پریس ریلیز 19: شادی کی تقریب میں شرکت کرنے والے مہمانوں کی تعداد – https://gallup.com.pk/post/37395

***Opinion Poll from Gallup Pakistan***

*The Pakistani Affiliate of Gallup International*

GILANI RESEARCH FOUNDATION

**Thursday, 19th September 2024**

*(5 Pages, Urdu version only)*

***Gilani Research Foundation is a not-for-profit public service project to provide social science research to students, academia, policy makers and concerned citizens in Pakistan and across the globe.***

*Gilani Research Foundation is headed by Dr. Ijaz Shafi Gilani who pioneered the field of opinion polling in Pakistan and established Gallup Pakistan in 1980. Currently Dr. Gilani, who holds a PhD from the Massachusetts Institute of Technology (MIT) and has taught at leading universities in Pakistan and abroad, is Chairman of Gallup Pakistan.*

*If you have any further questions regarding this poll, please feel free to contact us.*

*Best Regards,*
*Gallup Pakistan*

***Disclaimer:*** *Gallup Pakistan is not related to Gallup Inc. headquartered in Washington D.C. USA. We require that our surveys be credited fully as Gallup Pakistan (not Gallup or Gallup Poll). We disclaim any responsibility for surveys pertaining to Pakistani public opinion except those carried out by Gallup Pakistan, the Pakistani affiliate of Gallup International Association. For details on Gallup International Association see website: www.gallup-international.com*

Daily Gilani Poll
2024

celebrating
44
years
of Gallup Pakistan
(1980-2024)